

## مقدس جونی پیروسرا

رنگ سبز یا سفید

عاموس5:14۔15، 21۔24

زبور49

متی8:28۔34

**مرکزی آیت: ''نیکی تلاش کرو۔'' عاموس 5:14**

''اگر تم زندہ رہنا چاہتے ہو تو بدی کی بجائے نیکی تلاش کرو۔'' لیکن بھلائی کیا ہے اور بدی کیا ہے؟ ہم نہیں جانتے، اس لئے ہمیشہ خدا سے پوچھتے ہیں۔ اگر ہم وہ کریں جو اس کی نظر میں بھلا ہے تو ہمیں سکون اور خوشی حاصل ہوگی۔ ورنہ ہم خود کو نقصان پہنچاتے ہیں۔ میں یسوع کی سنوں گا اور اس سے اور اس کے رسولوں سے سیکھوں گا۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

عاموس 7:10۔17 زبور 18

رنگ سبز

متی 9:1۔8

**مرکزی آیت: ''اسرائیل جلاوطنی میں لے جایا جائے گا۔'' عاموس 7:11**

نبیوں کا کام مشکل ہوتا ہے۔ وہ خدا سے وفاداری کی دعوت دیتے ہیں اور اس کی نافرمانی کے نتائج کی خبر سناتے ہیں جو زندگی میں تباہی لاتی ہے۔ یہ ہمارے لئے بھی مشکل ہے، کیونکہ ہم ان لوگوں کے درمیان رہتے ہیں جو خدا کو قبول کرنا نہیں جانتے اور یسوع کی فرمانبرداری نہیں کرتے۔ حوصلہ رکھو، وہ ہمارے قریب ہے، اور وہ ایک بار پھر فتح پائے گا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| جمعہ | سال دوئم عام ایام | 3۔جولائی |
|---|---|---|



| رنگ سرخ | مقدس توما، رسولِ پاکستان کی عید |
|---|---|

زبور116

افسیوں2:19۔22

یوحنا20:24۔29

**مرکزی آیت:''میرا خداوند اور میرا خدا!'' یوحنا20:28**

توما ایک غیر معتقد شخص سے ایمان کا استاد بن گیا۔وہ ایمان لایا کہ یسوع نے صلیب پر اپنے آپ کو اس کے لئے قربان کیا اور موت پر فتح پائی۔اسی لئے اس نے اسے اپنی زندگی کا خداوند، اپنا خدا مانا اور اس پر مکمل بھروسہ اور فرمانبرداری ظاہر کی۔میں بھی ایمان کے ساتھ یہ کہتے ہوئے تیرے حضور آتا ہوں۔اے یسوع:''میرے خداوند، میرے خدا!''

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## پُرتگال کی مقدسہ الیصبات

رنگ سفید یا سبز

عاموس9:11۔15

زبور84

متی9:14۔17

### مرکزی آیت: ''نئی مےَ نئی مشکوں میں۔۔۔'' متی9:17

اے یسوع! تو نئی مےَ ہے۔تو ایک نئی خوشی بخشتا ہے۔کیونکہ تو محبت کرتا ہے اور محبت چاہتا ہے۔ پرانی مےَ اس زندگی کی علامت ہے جو صرف شریعت کی پابندی سے مطمین ہوتی ہے۔ جب تو میرے دل میں ہوتا ہے تو میں خود سے مطمئین نہیں رہتا، بلکہ خوشی سے بھر جاتا ہوں۔کیونکہ تو مجھے اپنی محبت سے بھر دیتا ہے اور ہمیشہ محبت کرنے کی طاقت عطا کرتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## مقدس انتھونی میری زکریا، کاہن

رنگ سبز

زکریا 9:9۔10

زبور 144

رومیوں 9:8، 11۔13

متی 11:25۔30

**مرکزی آیت: ”تو نے داناؤں سے یہ باتیں چھپالیں۔“ متی 11:25**

یسوع خوش ہو کر باپ کی تمجید کرتا ہے جو سب کے ساتھ فیاض ہے۔جن کے دلوں میں غرور ہے، جو سمجھتے ہیں کہ وہ اپنی محنت سے جنت کا راستہ پا چکے ہیں، اور جو دنیاوی حکمت میں عقلمند ہیں، وہ ”روح کے غریبوں“ کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔روح کا غریب جانتا ہے کہ اس میں کوئی خوبی نہیں، مگر وہ خداوند کی مہربانی پر بھروسا کرتا ہے اور فروتنی سے اسکا حکم مانتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................




مقدسہ ماریا گوریٹی، کنواری شہید

رنگ سرخ یا سبز

ہوشیع 16:2۔18، 21۔22

زبور 144

متی 18:9۔26

**مرکزی آیت: "میں اسے بیابان میں لے جاؤں گا اور اس کے دل سے بات کروں گا۔" ہوشیع 16:2**

اکثر اوقات خداوند اپنی اس خواہش کو پورا نہیں کر پاتا، کیونکہ وہ مجھے ہمیشہ مصروف پاتا ہے۔ وہ مجھ سے ملنا چاہتا ہے۔ مجھ سے بات کرنا چاہتا ہے۔ تا کہ مجھے وہ سکون، طاقت، خوشی، امید اور حکمت دے جو میری پوری زندگی اور میرے تعلقات کو نیا کر دے۔ یسوع سے ملاقات شفا ہے، یہ نئے سرے سے جی اٹھنا ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

ہوشیع 4:8۔7،11۔13 زبور 113

رنگ سبز

متی 32:9۔38

**مرکزی آیت: ’’فصل کے مالک سے دعا کرو۔‘‘ متی 38:9**

یسوع سب کو محبت سے دیکھتا ہے اور ان پر ترس کھاتا ہے جو اسے ڈھونڈتے ہیں۔ وہ اپنے خادموں کو نصیحت کرتا ہے کہ باپ سے دعا کریں کہ وہ ہمیشہ خدمت گزار بھیجے۔۔ ایسے لوگ جو اس سے محبت کرتے اور ہر ایک کو اس کا شناسا بنانا چاہتے ہیں۔ ہم اس کی نصیحت کو خوش آمدید کہیں گے اور امید اور ثابت قدمی کے ساتھ اس سے دعا کریں گے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

ہوشیع 10: 1۔3، 7۔8، 12 | زبور 104 | رنگ سبز

متی 10: 1-7

**مرکزی آیت: ’’آسمان کی بادشاہی نزدیک ہے۔‘‘ متی 10: 7**

یہی وہ پیغام ہے جس کی ذمہ داری یسوع نے بارہ رسولوں کو سونپی۔ اور رسول یہی پیغام محبت بھرے الفاظ کے ساتھ بیماروں، کوڑھیوں، آسیب زدہ اور زندگی سے خالی لوگوں کو سنائیں گے۔ درحقیقت آسمان کی بادشاہی شراکت و اتحاد میں رہنے والے ان لوگوں کی ہے جو خدا کی محبت سے محبت کرتے ہیں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



مقدس آگسٹین ذاؤ رونگ اور رفقاء شہید

رنگ سرخ یا سبز

ہوشیع 11:1۔4،8۔9

زبور 79

متی 10:7۔15

**مرکزی آیت: ''جب اسرائیل بچہ تھا، تو میں اسے پیار کرتا تھا۔'' ہوشیع 11:1**

اسرائیل وہ مقدس قوم ہے جو ابراہیم، اسحاق اور یعقوب کے ایمان سے پیدا ہوئی۔ یہ خدا کے نئے لوگوں، یعنی کلیسیا، کے بارے میں ایک پیشنگوئی ہے۔ یہ خدا کی چنی ہوئی قوم ہے جس سے خداوند محبت کرتا، اس کا خیال رکھتا اور اسے بڑھنے پھولنے کے قابل بناتا ہے۔ میں اور تم دونوں وہی اسرائیل ہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

ہوشیع 2:14۔10 | زبور 50 | رنگ سبز


متی 16:10۔23

**مرکزی آیت: ''میں ان کو ان کی بے وفائی سے شفا دوں گا۔'' ہوشیع 5:14**

خداوند کے ساتھ ہر نافرمانی، یعنی اس باپ اور خالق کی حکمت بھری ہدایات کی ہر نافرمانی، ہمیں اور بہت سے لوگوں کو گہرا نقصان پہنچاتی ہے۔ یہ ایسا ہے جیسے ہماری زندگی کو کوئی بیماری لگ گئی ہو، جو اسے کمزور کر دیتی ہے اور اس کی خوشی چھین لیتی ہے۔ ہم خود اپنا علاج نہیں کر سکتے۔ صرف وہی باپ، جسے ہم نے ناراض کیا ہے، ہمیں بچا سکتا ہے۔ اور وہ تب ایسا کرتا ہے جب ہم عاجزی کے ساتھ اس کی دوا کو قبول کرتے ہیں۔

..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................
..............................................................

| 11 ۔جولائی | سال دوئم عام ایام | ہفتہ |
|---|---|---|



| مقدس بینڈکٹ، راہب | رنگ سفید |
|---|---|

امثال 2:1۔9 زبور 33

متی 19:27۔29

**مرکزی آیت: ''ہم سب کچھ چھوڑ کر تیرے پیچھے ہو لئے۔'' متی 19:27**

سینٹ بینیڈکٹ نے اپنی ساری زندگی یسوع کے لئے وقف کر دی۔ اور بہت سے بھائیوں کے ساتھ مل کر دعا اور باپ کے برکت یافتہ کام کے ذریعے خدا کی محبت کی گواہی دی۔ آج وہ آسمان سے یورپ کے ان لوگوں کے لئے شفاعت کرتا ہے، جو یسوع کی طرف پلٹنے کے محتاج ہیں۔ تا کہ امن اور یکجہتی میں بھائی چارے والی ایک نئی زندگی گزار سکیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| 12۔جولائی | سالِ اوّل عام ایام کا پندرھواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|

اشعیا 10:55۔11 زبور 64

رنگ سبز

رومیوں 18:8۔23 متی 1:13۔23

**مرکزی آیت: ''بیج بونے والا بونے نکلا۔'' متی 3:13**

اے یسوع! تو آج بھی باپ کے دل سے ''نکلتا'' ہے تاکہ میرے دل میں اس کا کلام بوئے، اس کی زندگی، اس کی بادشاہی، اس کی محبت، اس کا روح تب مجھ میں کام کرتا ہے، جب میں اسے قبول کرتا ہوں، جب میں اپنے بھائی کی خوشی کے لئے قربانی دیتا ہوں، تو میں پھل لاتا ہوں۔ میں اس اچھی زمین کی مانند ہو جاتا ہوں جو بارش سے زرخیز ہوئی ہو۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................



## مقدس ہنری

رنگ سبز یا سفید

اشعیا 1:10۔17

زبور 49

متی 10:34، 11:1

## مرکزی آیت: ’’مظلوم کی مدد کرو ۔‘‘ اشعیا 1:17

نبی کہتا ہے کہ وہ چیزیں جو ہم خدا کو پیش کرتے ہیں یا جو تقاریب ہم منعقد کرتے ہیں، وہ خدا کو خوشی نہیں دیتیں۔ خدا کو خوشی تب ملتی ہے جب وہ دیکھتا ہے کہ ہم نے ان لوگوں سے محبت کرنا سیکھا ہے، جو دکھی ہیں۔ نیز ان کو زندگی اور خوشی دینا جن کے پاس یہ نہیں۔ یہ سادہ تعلیم یسوع بار بار ہمیں سکھا تا رہتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



رنگ سبز یا سفید

## مقدس کمیلیس، کاہن

اشعیا 7:1۔9

زبور 47

متی 11:20۔24

**مرکزی آیت: ’’خبردار اور پرامن رہو۔‘‘ اشعیا 7:4**

یہ خداوند ہے جو اپنے نبی اشعیا کے ذریعے بادشاہ آحاز کو تسلی دیتا ہے، جو اپنے دشمنوں کی پیش قدمی سے گھبرایا ہوا اور بے چین ہے۔ہم جب کبھی کسی بڑی مصیبت کا سامنا کریں گے،تو ہم اپنی امید کھوئیں گے نہ کہ باطنی سکون۔ ہم اپنے پاسبانوں کی سنیں گے، جو ہمیں خداوند کی طرف راہنمائی دینا جانتے ہیں۔

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................

....................................................




**مقدس بوناونچر، بشپ، معلمِ کلیسیاء** | **رنگ سبز یا سفید**

**اشعیاء10:5۔7،13۔16** | **زبور93**

**متی11:25۔27**

**مرکزی آیت:"باپ کو کوئی نہیں جانتا سوائے بیٹے کے۔"متی11:27**

شکریہ اے یسوع! کہ تو نے اپنے کلام اور اپنے اوپر ایمان کی نعمت کے ذریعے مجھے یہ تجربہ دیا کہ خدا ایک ایسا باپ ہے جو ہمیشہ مجھ سے محبت کرتا ہے۔شکریہ ان تمام مواقع کے لئے جن میں میں نے اس کی قدرت کا تجربہ کیا۔شکریہ اس نعمت کے لئے جس کے ذریعے میں اس کی اس خواہش میں شریک ہوں کہ ایک دن سب لوگ تیرے گرد، یعنی تیری کلیسیا میں جمع ہو جائیں گے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## کوہ کارمل کی مقدسہ کنواری مریمؑ

رنگ سبز یا سفید

اشعیاء7:26۔9،12،16۔19

زبور101

متی11:28۔30

### مرکزی آیت:"راستباز کا راستہ سیدھا ہوتا ہے۔"اشعیا7:26

یسوع ہمیں اپنے پاس بلاتا ہے تا کہ وہ ہمیں اس دباؤ اور تھکن سے بچالے جس میں گناہ نے ہمیں جکڑ رکھا ہے۔ چاہے وہ ہمارا ذاتی گناہ ہو یا ہمارے اردگرد کی دنیا کا۔ وہی یسوع جو راستباز ہے جس کا ذکر نبی کرتا ہے۔ اس کے ساتھ چلنا خوشی ہے، یقین اور کامل امید ہے۔ کیونکہ اس کے ساتھ کوئی راہ نہیں کھوتا اور نہ ہی کوئی تھکتا ہے۔ کیونکہ اس کا راستہ سیدھا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اشعیاء38:1۔6،21۔22،7۔8 زبور اشعیا38:10۔12،16

رنگ سبز

متی12:1۔8

**مرکزی آیت:''میں نے تیری دعا سن لی ہے ۔''اشعیا38:5**

نبی بیمار بادشاہ کو خدا کا پیغام دیتا ہے۔ بادشاہ نے خدا سے دعا کی تھی کہ وہ اسے چند سال مزید زندگی عطا کرے۔ اس کی دعا اس کی فرمانبرداری سے تقویت پاتی ہے۔ کیونکہ وہ ہمیشہ خدا کی مرضی پر چلنے کی کوشش کرتا رہا۔ اب خدا اسے بتاتا ہے کہ وہ اس کی دعا کا جواب دینا چاہتا ہے۔ یعنی بادشاہ پندرہ سال مزید جیئے گا۔ میں بھی سیکھوں گا کہ جب خدا سے کچھ مانگوں تو اس کی مرضی کی فرمانبرداری کے ساتھ مانگوں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

میکا2:1۔5

زبور9

رنگ سبز

متی12:14۔21

**مرکزی آیت:''دیکھ میرا خادم! ۔'' متی12:18**

انجیل نویس دیکھتا ہے کہ سب خوبصورت پیشنگوئیاں پوری ہوگئی ہیں۔ یسوع حقیقی معنوں میں خدا کا خادم ہے، اس کی محبت اور اس کی رحمت کا خادم۔سب لوگ یہ حقیقت دیکھتے ہیں اور اس سے لطف اندوز ہوتے ہیں۔مریضوں اور کمزوروں سے لے کر بدروحوں کے زیرِاثر لوگوں تک۔ چونکہ وہ ہمارے درمیان ہے۔اس لئے ہر ایک کو اس دنیا میں جینے کی امید اور حوصلہ واپس مل جاتا ہے۔

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

..............................................................................

حکمت 13:12، 16۔19 زبور 85

رنگ سبز

رومیوں 8:26۔27 متی 13:24۔43

**مرکزی آیت: ''بیج بونے والا ابنِ آدم ہے۔'' متی 13:37**

یسوع کی تمثیلیں اس بیج بونے والے سے شروع ہوتی ہیں جو بیج بونے کے لئے نکلتا ہے۔ایسا کام جو بہتوں کے لئے خوراک فراہم کرتا ہے۔ابنِ آدم بھی نکلتا ہے۔وہ آسمان میں اپنی سکونت گاہ سے آیا ہے۔اور وہ باپ کے دل میں سے بیج لے کر آیا ہے۔یہ سب محبت کا تحفہ ہے۔جہاں بھی یہ بیج جڑ پکڑتا ہے وہاں پھل لاتا ہے جس سے انسان کے دل کی بھوک مٹ جائے گی۔

........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................

| 20۔جولائی | سال دوئم عام ایام | سوموار |
|---|---|---|



| مقدس اپولینارس، شہید | رنگ سبز یا سرخ |
|---|---|

میکا1:6۔4،6۔8 زبور49

متی12:38۔42

**مرکزی آیت: ''اے انسان خدا کے ساتھ فروتنی سے چل۔'' میکا8:6**

کیا یہ ایک نصیحت ہے یا حکم؟ نہیں، یہ تو ایک تحفہ ہے۔فروتنی یسوع کی وہ خوبی ہے۔ جو اسکی ماں مریم نے اس کے ساتھ بانٹی۔ یہی الٰہی ذات کی زندگی کا رنگ اور حرارت ہے۔سینٹ فرانسس آف اسیسی نے کہا تھا: ''خدا خود فروتنی ہے۔'' کیا تم خدا کی مانند بننا چاہتے ہو؟ کیا اس کی رفاقت چاہتے ہو؟ تو پھر اس کے ساتھ فروتنی سے چلو۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................


..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

| منگل | سال دوئم عام ایام | 21۔جولائی |
|---|---|---|




**برنڈیسی کا مقدس لارنس، کاہن، معلمِ کلیسیاء**

**رنگ سبز یا سفید**

**میکا 7:14۔15،18۔20**

**زبور 84**

**متی 12:46۔50**

**مرکزی آیت: ''تیری مانند خدا کون ہے۔۔۔جو گناہوں کو معاف کرے۔'' میکا 7:18**

اے یسوع، جب تو نے شمعون فریسی کے گھر میں لنگڑے اور گنہگار کو معاف کر دیا، تو تو نے ہمیں باپ کی رحمت سے واقف کروایا۔ کیوں سب حیران تھے؟ کیونکہ انہوں نے تجھ پر توہینِ مذہب کا الزام لگایا تھا۔ اگرچہ وہ مذہبی لوگ تھے، لیکن وہ اب تک باپ کے دل کو نہیں جان سکے تھے۔ تیرے سوا کوئی نہیں جانتا کہ باپ گنہگاروں اور بوجھ سے دبے لوگوں سے کس قدر پیار کرتا ہے۔ باپ کی محبت کو صرف تو جانتا ہے، اور تو ہی ہمیں وہ محبت دیتا ہے۔

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

.............................................................

| بدھ | سال دوئم عام ایام | 22۔جولائی |
|---|---|---|



| رنگ سفید | مقدسہ مریم مگدلینی کی عید |
|---|---|

زبور62 نشیدالاناشید3:1۔4 یا 2۔قرنتیوں5:14۔17

یوحنا20:1۔2،11۔18

**مرکزی آیت: ''یسوع نے اس سے کہا: مریم!۔'' یوحنا20:16**

انجیل میں مریم مگدلینی کو اپنی زندگی کے سب سے اہم لمحے میں پیش کیا گیا ہے۔ جب وہ یسوع سے ملی، جو نئی زندگی کے ساتھ زندہ تھے، بالکل اس وقت جب وہ کم سے کم توقع کر رہی تھی، وہی یسوع ہے جو خود کو ظاہر کرتا ہے اور ہمیشہ ایسا ہی ہوتا ہے۔ ہم یسوع سے اس وقت ملتے ہیں جب وہ چاہتا ہے نہ کہ جب ہم فیصلہ کرتے ہیں۔ اسی لئے ہمیں ہمیشہ چوکس اور متوجہ رہنا چاہئے۔

.......................................................

.......................................................

.......................................................

.......................................................

.......................................................

.......................................................

.......................................................

.......................................................




مقدسہ بریجیٹ آف سویڈین، راہبہ (یورپ کی مربیہ) | رنگ سبز یا سفید

غلاطیوں 2:19-20 | زبور 33


یوحنا 15:1-8

**مرکزی آیت: ''میں حقیقی تاک ہوں۔'' یوحنا 15:1**

حقیقی تاک وہ ہے جو پکا ہوا پھل دیتا ہے۔ اور نئی مۓ بنانے کے لئے موزوں ہوتا ہے۔ حقیقی تاک وہ ہے جو دھوکا نہیں دیتا اور انسان کی پیاس بجھاتا ہے۔ اے یسوع تو حقیقی تاک ہے۔ میں خوش ہوں کہ میں تجھ سے جڑا ہوں۔ یعنی کہ میں وہ ٹہنی ہوں جو پھل دیتی ہے۔ اور تاکہ پھل اچھا ہو، میں خود کو اپنے باپ کی قینچی کے ذریعے کٹنے کے لئے تیار کرتا ہوں۔ ہم مقدس بریجڈ کے ساتھ یورپ کے حکمرانوں کے لئے دوبارہ دعا کرتے ہیں۔

........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................
........................................................................

| 24۔جولائی | سال دوئم عام ایام | جمعہ |
|---|---|---|



## مقدس شربل مخلوف

رنگ سبز/سفید

ارمیا3:14۔17

زبور31:10۔13

متی13:18۔23

**مرکزی آیت: ''جو کلام کو سنتا ہے، وہ اچھی زمین ہے۔'' متی13:23**

اے یسوع! تیرا کلام میرے دل میں داخل ہوتا ہے۔ جب یہ دل جھاڑیوں سے پاک ہوتا ہے، تو ایسا پھل دیتا ہے جو بھوکے لوگ کھا سکتے ہیں۔ میں یہ امر یقینی بناؤں گا کہ دل میں کوئی فکریں نہ ہوں، کہ یہ پیسوں کی محبت سے پاک ہو اور شیطان کے زیرِ قبضہ جگہوں سے دور ہو۔ اے یسوع! مجھے اپنے کلام کو سننے اَور اُس پر عمل کرنے کی توفیق دے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| ہفتہ | سال دوئم عام ایام | 25۔جولائی |
| --- | --- | --- |




## مقدس یعقوب رسول کی عید

**رنگ سرخ**

**2۔قرنتیوں4:7۔15**

**زبور125**

**متی20:20۔28**

**مرکزی آیت: ”جس نے یسوع کو زندہ کیا، وہ ہمیں بھی زندہ کرے گا۔“ 2۔قرنتیوں4:14**

اے یسوع، یعقوب رسول کو اس لئے شہید کیا گیا کیونکہ وہ تجھ سے وفادار تھا۔ اس نے تجھ سے انکار نہیں کیا۔ اس نے تیرے جام سے پیا۔ دکھ سہہ کر تیرے باپ اور ہمارے پیار کو دنیا میں روشن کیا اور اپنی جان دی۔ تاکہ تیرا گواہ بنے۔ اب تو اسے نئی اور ابدی زندگی دیتا ہے، وہی زندگی جو تو نے تیسرے دن باپ سے حاصل کی تھی۔

| 26۔جولائی | سالِ اوّل عام ایام کا سترھواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



| مقدس یویاقیم اور حنا، مقدسہ مریم کنواری کے والدین | رنگ سبز |
|---|---|

1۔ملوک 3:5، 7۔12 زبور 118

رومیوں 8:28۔30 متی 13:44۔52

**مرکزی آیت: ''خدا کی بادشاہی ایسا خزانہ ہے جو کھیت میں چھپا ہو۔'' متی 13:44**

کوئی ہتھیاروں کی مدد سے آسمانی بادشاہی میں داخل نہیں ہوتا۔ یہ ایک ایسا خزانہ ہے جس کی تمنا کی جاتی ہے اور جسے چھپایا گیا ہے۔ جو کوئی اسے پاتا ہے وہ فوراً اپنی دریافت کا شور نہیں مچاتا۔ یہ اس وقت تک اس کا مالک بنتا ہے جب تک وہ خاموشی سے پختہ نہ ہو جائے۔ اے یسوع! جو کوئی تجھے پاتا ہے، وہ بولنے کے لئے صبر کرتا ہے۔ اس کی تبدیل شدہ اور خوشگوار زندگی ایک سچا اور قابلِ یقین اعلان شروع کرے گی۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

ارمیا13:1۔11 | زبور: تثنیہ شرع32:18۔21

رنگ سبز

متی13:31۔35

**مرکزی آیت:''میں چاہتا تھا کہ اسرائیل کا سارا گھرانہ مجھ سے چمٹا رہے ۔'' ارمیا13:11**

ارمیا نبی نے خدا سے الہام پا کر اپنی کمر پر ایک پٹکا باندھا۔لیکن وہ پٹکا خراب اور بے کار تھا۔ نبی کے اس اشارے کا کیا مفہوم ہے؟ خدا نے لوگوں کو چنا تھا کہ وہ اس کے ساتھ متحد اور فرمانبردار ہوں۔لیکن وہ نہیں ہوئے۔ وہ بت پرستوں کی طرح برائیوں کے سامنے جھکتے رہے۔ لہذا اب یہ لوگ خدا کے منصوبوں کے لئے بے کار اور غیر مؤثر ہو گئے ہیں۔

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

............................................................................................

ارمیا14:17۔22 زبور78

رنگ سبز

متی13:36۔43

**مرکزی آیت:''کیا بتوں میں کوئی ہے جو بارش برسا سکے؟۔'' ارمیا14:22**

ارمیا نبی اپنی نبوت جاری رکھتے ہوئے ان لوگوں کو عقلمند بننے کی تلقین کرتے ہیں، جو بت پرستی میں پڑ گئے ہیں۔ بت ان انسانی برائیوں کی نمائندگی کرتے ہیں، جنہیں حقیقی فلاح سمجھ لیا گیا ہے۔لیکن وہ بت بے کار ہیں۔ نہ تو وہ انسان کو اور نہ ہی اس کے کھیتوں کو زندگی، امن اور خوشی کے لئے ضروری چیزیں دے سکتے ہیں۔ان کی پوجا اور خدمت کرنے کا کیا فائدہ؟

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................



## مقدسہ مارتھا۔مریم اورلعزر

رنگ سفید

1۔یوحنا4:7۔16

زبور33

یوحنا11:19۔27 یا لوقا10:38۔42

**مرکزی آیت:"تیرا بھائی پھر جی اٹھے گا۔" یوحنا11:23**

مارتھا کو یہ وعدہ یسوع سے ملتا ہے۔مگر وہ سمجھ نہیں پاتی۔ وہ ابھی تک نہیں جانتی کہ یسوع کا ہر کلام ایک ایسی سچائی ہے جو ہماری سمجھ سے کہیں زیادہ سچ ہے۔ مارتھا کو "قیامت اور زندگی" کا مطلب سمجھانے اور اسے خود اپنی موت اور نئی زندگی کے لئے تیار کرنے کے لئے یسوع اس کے بھائی لعزر کو آواز دے کر بلاتا ہے۔اور وہ قبر سے باہر آجاتا ہے، جہاں وہ کفن میں لپٹا پڑا تھا۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................


..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

| 30۔جولائی | سال دوئم عام ایام | جمعرات |
|---|---|---|



| مقدس پطرس قریسالگو، اسقف معلمِ کلیسیاء | رنگ سبز یا سفید |
|---|---|

ارمیا18:1۔6

زبور145

متی13:47۔53

**مرکزی آیت:''جیسے مٹی کمہار کے ہاتھ میں ہے، ویسے ہی تم میرے ہاتھ میں ہو۔'' ارمیا18:6**

کمہار جب مٹی پر کام کرتا ہے، تو اگر مٹی کا برتن ویسا نہیں بنتا جیسا وہ چاہتا ہے، تو وہ مٹی کو دوبارہ گوندھتا اور پھر سے نیا برتن بناتا ہے۔ نبی کہتا ہے کہ ہم بھی ایسی ہی مٹی ہیں۔ ہم خداوند کے ہاتھ میں ہیں اور ہمیں ویسا ہی بنایا جاتا ہے جیسا وہ چاہتا ہے۔ تاکہ ہم آسمانی بادشاہی میں بے کار نہ ہوں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## مقدس اگنیشئس آف لویولا

رنگ سفید

ارمیا26:1۔9

زبور68

متی13:54۔58

**مرکزی آیت: ''اگر تم اس شریعت پر نہ چلو جو میں نے تمہارے سامنے رکھی ہے۔۔۔۔'' ارمیا26:4**

اگر ہم خداوند کی اطاعت نہ کریں تو کیا ہوتا ہے؟ جب ہم خدا کی فرمانبرداری نہیں کرتے تو ہم خود کو تباہ کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی نقصان پہنچاتے ہیں۔ہم اس نمک کی طرح ہو جاتے ہیں جسکا ذائقہ ختم ہو چکا ہو۔اور وہ راستے پر پھینک دیا جاتا ہے اور سب کے قدموں تلے روندا جاتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................